احسان دانش مرحوم

غمِ فضلِ حق رح

جب سے وہ میرِ کارواں نہ رہا — کارواں رہ پر رواں نہ رہا
احمد مصطفیٰ کی الفت میں — برقِ گفتار و خامہ راں نہ رہا
کون زندانیوں کا غم کھائے — کوئی زنداں کا ترجماں نہ رہا
ایک موقف کہ تھا بلند و حسیں — استوار و اثر رساں نہ رہا
بے زباں مسجدوں کے مشہد کا — مرثیہ کار و نوحہ خواں نہ رہا
دردِ کشمیر سے جو تھا بیتاب — وہ سکونِ خواہِ خستگاں نہ رہا
شاہ صاحب[۱] ضعیف و دور زبوں — اس پہ وہ بازوئے جواں نہ رہا
جس طرف چل پڑے ہیں دیوانے — ان زمینوں پہ آسماں نہ رہا

جس سے زندہ تھی روحِ میخانہ
وہی رندوں کے درمیاں نہ رہا

---

[۱] حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ